ریاستی وزارت باویریا برائے
ماحولیات اور تحفظِ صارفین

مسلمانوں کے لئے معلوماتی پرچہ

باویریا میں اسلامی عیدالاضح یعنی بقر عید پر جانور ذبح کرنےکے بارہ میں ہدایات۔

- گھر میں یا کُھلی جگہ پر ذبح کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

- آپ جانوروں کو صرف مناسب گاڑیوں (مثال کے طور پر ٹریلر) میں منتقل کرسکتے ہیں ۔
  مثلاً اپنی کار کی ڈگی میں منتقل کرنا ممنوع ہے۔

- جانوروں کے ساتھ احتیاط سے برتاؤ کریں۔ اُنکی اون کو نہیں کھینچیں ، جانوروں کے اوپر نہیں بیٹھیں زبردستی نہیں پکڑیں یا ٹانگوں کو باندھنا وغیرہ۔ سخت برتاو سے نا صرف جانوروں کو تکلیف پہنچتی ہے بلکہ گوشت کے معیا ر پر بھی اثر پڑتا ہے۔

- جانوروں کے تحفظ کے قانون کے مطابق ایک جانور کو صرف بیہوشی کی حالت میں ذبح کیا جاسکتا ہے۔ اگرجانور بیہوش نہ ہو تو اُس کا خون بہنے دینے (حلال کرنے) پر پابندی ہے۔ صرف خاص صورتحال میں متعلقہ سرکاری دفتر رعایت کر کےاجازت دے سکتا ہے۔

- حلال کرنا یعنی خون بہنے دینا آپ خود صرف تب کرسکتے ہیں اگر آپ کے پاس اِس کے ماہرعلم ہونے کا ثبوت ہو۔ اِس کے بارہ میں معلومات ذمہ دار ویٹرینری محکمہ سے حاصل کرسکتے ہیں۔

- متبادل طور پر آپ قربانی کے جانور کو ذبح کروانے ساتھ جاسکتے ہیں اور آپ جانور کے اوپر ہاتھ رکھ کر تکبیر پڑھ سکتے ہیں۔ جبکہ گردن پر چُھری کوئی ماہر پھیرے گا۔

- **خون بہنے کے لئے کاٹنے کے لئے ضروری ہے:** ضرورت سے زیادہ کاٹنا، یا گردن کو اتنا زیادہ کھینچنا کے وہ ٹوٹ جائے ممنوع ہے۔ سر الگ کرنے کی اجازت صرف تب ہے جب جانور کی جان ختم ہوچُکی ہو۔

- ذبح خانہ میں داخلہ صرف مالک کی اجازت سے ممکن ہے۔ داخل ہونے کیلئےضروری ہے کہ **صاف کپڑے** (مثال کے طور پر ڈسپوزبل حفاظتی کپڑے) پہنیں اِسی طرح **ہاتھو ں اور جوتوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک ہونا لازمی ہے۔** اگر آپ کاٹنے میں مدد کرسکتے ہوں تو اِس کے لئے **انفیکشن سے تحفظ کے قانون کی مطابق ہدایات ضروری ہیں۔** اِس کے لئے مقامی محکمہ صحت ذمہ دار ہوتا ہے۔

- **محکمہ کی طرف سے جانور کا معائنہ کرنا اور گوشت کا معائنہ کرنا لازمی ہے۔** محکمہ کا جانوروں کا ڈاکٹر یہ معائنہ کرتا ہے کہ آیا جانور صحت مند ہے یا آیا حصے/ اعضاء نکالنے اور پھینکنے چاہئیں۔ گوشت پر کھانے کے رنگ سے مہر لگا کر اِس کو کھانے کے لئے استعمال کی اجازت کی تصدیق کی جائے گی۔ صرف تب آپ گوشت ساتھ لے کر جاسکتے ہیں۔

- جسم کے مخصوص حصے اور اعضاء (خطرے والی چیزیں) کبھی بھی ساتھ لے جانے کی اجازت نہیں ہوتی اور ذبح خانہ خود اِنہیں پھینکنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ مثلاً: تلی، اور چھوٹی آنت کا آخری حصہ ہر عمر کی بھیڑ یا بکری۔ **12** ماہ کی عمر سے اوپر والے گائے، بھیڑیں اور بکریوں کے سری، مغز اور آنکھیں۔

- اوجری اور آنتیں آپ صرف تب ساتھ لے جا سکتے ہیں اگروہ ذبح خانے کی طرف سے خالی اور صاف کئے ہوئے ہوں۔ سری صرف جِلد کے بغیر اور زیادہ سے زیادہ 12 مہینے کی عمر کے جانوروں کی ذبح خانے سے لی جاسکتی ہے۔

- گوشت گھر لے جانے کیلئے مناسب برتن / ڈبے ساتھ لے کر آئیں۔ مثال کے طور پر پلاسٹک کے ڈبے۔ موسمِ گرما میں کول بوکس ساتھ لانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

اگر آپ کے مزید سوالات ہوں یا متعلقہ کورس یا ہدایات کی ضرورت ہو تو آپ اپنے مقامی ویٹرینری محکمہ (سِٹی کونسل ، ڈسٹرکٹ آفس) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

بمطابق 28-06-2016